**27.07.2024**

**Hrs 13.50**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...... شبانہ رحمان

**Music**

---

1 نئی دلی میں نیتی آیوگ کی، نویں گورننگ کونسل کی میٹنگ جاری ہے جس کی صدارت وزیر اعظم نریندر مودی کررہے ہیں۔

2 آج شام دلی میں BJP کے صدر دفتر میں پارٹی کی حکومت والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کی میٹنگ ہوگی۔

3 وزیراعظم نریندر مودی کَل ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں اپنے خیالات پیش کریں گے۔

4 ملک آج سابق صدر جمہوریہ اور نامور سائنسداں ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو اُن کی نویں برسی پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

5 پیرس اولمپک کھیلوں کے آج پہلے دن بیڈمنٹن اور ہاکی سمیت سات کھیلوں میں مقابلہ ہوگا۔

6 اور

مردوں کے کرکٹ میں آج شام Pallekele میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنیٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان سری لنکا سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

## PM Governing Council

وزیراعظم نریندر مودی راشٹرپتی بھون کے ثقافتی مرکز میں نیتی آیوگ کی نویں گورننگ کونسل کی صدارت کررہے ہیں۔ اس سال میٹنگ کا موضوع ہے: ''وکست بھارت ایٹ 2047" جس میں بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے پر خاص طور پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ میٹنگ میں وکست بھارت کے بارے میں آئندہ کی دستاویزات پر ایک نظریے اور موقف پر بھی تبادلہئ خیال کیا جائے گا۔ نیتی آیوگ نے کہا ہے کہ گورننگ کونسل کی میٹنگ کا مقصد مرکز اور ریاستی سرکاروں کے درمیان تال میل اور اشتراک کو فروغ دینا اور دیہی شہری دونوں ہی طرح کی آبادی

کیلئے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ میٹنگ میں وکست بھارت کے مقاصد کو پورا کرنے کیلئے ریاستوں کے رول پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

نیتی آیوگ نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے اور اُس کی اندرون ملک مجموعی پیداوار 5 ٹریلین امریکی ڈالر تک پہنچ جائے گی۔

نیتی آیوگ کے سربراہ کی حیثیت سے وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ اور لیفٹیننٹ گورنر، مرکزی وزراء، Ex- officio ممبر اور خصوصی مدعوعین، نائب چیئرمین سمن بیری اور نیتی آیوگ کے ممبر اس میں شرکت کررہے ہیں۔

**BJP CM Meet**

بی جے پی کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ کی ایک میٹنگ آج شام نئی دلی میں منعقد ہوگی۔ یہ میٹنگ پارٹی ہیڈ کوارٹرس میں ہوگی اوراس میں بی جے پی کے سینئررہنما بھی شرکت کریں گے۔ یہ میٹنگ لوک سبھا انتخابات اور مرکزی بجٹ پیش کئے جانے کے کئی دن بعدہورہی ہے۔ اس اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران ریاستوں سے سرکاری اسکیموں کے موثر نفاذ کے بارے میں معلومات حاصل کی جائیں گی اور ساتھ ہی دیگر امور بھی زیرغورآئیں گے۔

**PM Man Ki Baat**

وزیراعظم نریندرمودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پرمن کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 112 واں نشریہ ہوگا۔ لگاتار تیسری مدت کے لئے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ دوسرا پروگرام ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی دوردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، اے آئی آر نیوزکی ویب سائٹ اور نیوز آن اے آئی آر موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔اسے اے آئی آر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی ہندی نشریہ کے فوراََ بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام نشرکرے گا۔

**PM HM CRPF Raising Day**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سی آر پی ایف کی یوم تاسیس کے موقع پر مرکزی ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ سی آر پی ایف کا غیر متزلزل عزم اور ملک کے لئے ان کی انتھک خدمات حقیقت میں قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہوں نے ہمیشہ انتہائی حوصلے اور استقلال کا مظاہرہ کیا ہے اور ملک کو محفوظ رکھنے میں بھی ان کا رول اہم ہے۔

وزیرداخلہ امت شاہ نے سی آر پی ایف کی کوششوں کو سراہا اور سی آر پی ایف حکام اور ان کے اہل خانہ کو اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا کہ سی آر پی ایف نے اپنے قیام کے بعدسے قومی سلامتی کو اپنے مشن کے طور پر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوج کے بہادرجوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اس مقصد کے حصول کے لئے اپنی تمام ترکوششیں کی ہیں اور ہرمرتبہ فتحیاب ہوئے ہیں۔

**PM Budget Blueprint**

وزیراعظم نریندر مودی نے NaMo App پر 2024 کے بجٹ کا خاکہ جاری کیا ہے تاکہ روزگار کے مواقع اور لوگوں کو آسان طریقوں سے ہنرمند بنانے سے متعلق سرکاری اسکیموں، اعلانات

اور نئے اقدامات کی جانکاری حاصل ہوسکے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ ایکس پر جناب مودی نے کہا کہ 2024 کے بجٹ کا مقصد روزگار سے وابستہ نئی ترغیبی اسکیموں کے تحت کام دھندے کے مواقع پیدا کرنا، ایک مضبوط افرادی قوت اور لوگوں کو روزگار مہیا کرنے کا اہل بنانا ہے۔

**PM HM Thirumathan Death**

وزیراعظم نریندر مودی نے سابق ممبر پارلیمنٹ اور بی جے پی لیڈر تھیرو ماسٹر ماتھن کی رحلت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ جناب ماتھن سماج کی خدمت اور محروم طبقوں کے لئے کام کئے جانے کی اپنی کوششوں کے لئے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہوں نے تمل ناڈو میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو مضبوطی فراہم کرنے میں بھی قابل تعریف رول ادا کیا ہے۔

وزیرداخلہ امت شاہ نے بھی جناب ماتھن کے انتقال پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ انہیں جناب ماتھن کے انتقال سے بے حد صدمہ ہوا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ Baduga فرقے سے تعلق رکھنے والے ماتھن جی ایک قدآور لیڈر تھے جنہوں نے ریاست میں پارٹی کو وسعت دینے میں ایک اہم رول ادا کرنے میں اپنی چھاپ چھوڑی ہے۔××

**APJ Kalam- Death Anniversary**

ملک، آج سابق صدر جمہوریہ اور سرکردہ سائنسداں ڈاکٹر APJ عبدالکلام کی 9ویں برسی پر انھیں خراجِ عقیدت پیش کررہا ہے۔ ڈاکٹر عبدالکلام نے بھارت کے خلاء اور میزائل تیار کرنے کے پروگرام میں انتہائی اہم رول ادا کیا تھا۔ ڈاکٹر عبدالکلام کو بھارت کے میزائل مین کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔2015 میں آج ہی کے دن ان کا انتقال ہوا تھا۔

وزیرداخلہ امت شاہ نے سابق صدرکو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ ڈاکٹرکلام کی زندگی، سخت محنت، سادگی اورحساسیت کا ایک منفرد مجموعہ تھی، جس نے ملک بالخصوص نوجوانوں کو تحریک دی ہے۔

**Prez Auction**

راشٹرپتی بھون، ایسی کچھ خاص چیزوں کی نیلامی کرے گا جو مختلف موقعوں پر صدرِ جمہوریہ اور سابق صدور کو، تحفے کے طور پر پیش کی گئی تھیں۔ البتہ یہ نیلامی ای-اُپہار نام کے آن لائن پورٹل کے ذریعے کی جائے گی۔

پہلے مرحلے میں تقریباً 250 اعلیٰ درجے کے تحفوں کی نیلامی کی جائے گی جس کے لیے اگلے مہینے کی 5 سے 26 تاریخ تک بولی لگائی جا سکے گی۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اپنی بولیاں Upahaar-rashtarpatibhawan.gov.in پورٹل پر لگا سکتے ہیں۔

نیلامی سے حاصل ہونے والی رقوم، ضرورتمند بچوں کی مدد کے لیے عطیے میں دی جائے گی۔ نیلام کیے جانے والے تحفوں کو دیکھنے کے لئے انھیں راشٹرپتی بھون کے میوزیم میں رکھا جائے گا۔

**J&K Jkeda**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں سرکار نے کئی پروجیکٹ شروع کئے ہیں جن کا مقصد 40 ہزار سے زیادہ عمارتوں کی چھتوں پر شمسی توانائی کے پلانٹ لگانا ہے۔ 2025 کے آخر تک سرکاری اور رہائشی عمارتوں پر یہ پلانٹ لگائے جائیں گے۔ اِن پروجیکٹوں کے نتیجے میں دسمبر 2025 تک مزید 270 میگاواٹ شمسی بجلی تیار کرنے کی صلاحیت پیدا ہوسکے گی۔ اِس سے 20 ہزار سے زیادہ مکانوں اور کم سے کم 22 ہزار 494 سرکاری عمارتوں کو فائدہ پہنچے گا۔

## Kupwara Encounter

مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں کشمیرکے کپواڑہ ضلع میں آج کنٹرول لائن پر Macchelسیکٹر کے Kamkari علاقے میں ایک اگلی چوکی پر نامعلوم شخص کے ساتھ آمنے سامنے کی فائرنگ کا ایک واقعہ پیش آیا۔ دفاعی ذرائع کے مطابق ایک پاکستانی شخص ہلاک ہوگیا جبکہ اس کارروائی کے دوران فوج کے دو جوان زخمی ہوگئے۔

اس دوران آخری خبریں ملنے تک کارروائی جاری ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظارہے۔

## Utrakhand Rain

اترا کھنڈ میں ریاست کے مختلف حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ موسلا دھار بارش کی وجہ سے ریاست کے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے اور پہاڑی خطوں میں مختلف مقامات پر مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے گاؤوں کو منسلک کرنے والی موٹر گاڑیوں کے راستے بند ہوگئے ہیں۔

اس دوران ریاست میں کچھ مقامات پر پینے کے پانی اور بجلی کی سپلائی بھی متاثر ہوئی ہے۔ دوسری جانب ٹہری کے Bhilangana بلاک میں موسلا دھار بارش سے ایک مکان کے گرنے سے دو افرادہلاک ہوگئے۔

بھارت کے محکمہ موسمیات نے دہرہ دون اور باگیشور ضلعوں میں کچھ مقامات پر آج اور کل شدید بارش کے تعلق سے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے ریاست کے دیگر حصوں میں بھی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

## MAHA RAIN

نوی ممبئی کے بیلا پور علاقے میں ایک تین منزلہ عمارت کے گر جانے سے دو افراد کی موت ہوگئی۔ آگ بجھانے والے عملے نے دو افراد کو ملبے سے نکالا ہے اور اُنہیں اسپتال میں داخل کرادیا گیا ہے۔ اِس عمارت کے 40 دوسرے مکین محفوظ ہیں۔

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے صورتحال کا جائزہ لیا اور میونسپل کمشنر کو ہدایت دی ہے کہ متاثرہ افراد کو ہر ممکن امداد دی جائے۔

## KAMLA HARIS CANDIDATURE

امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس نے ضروری کاغذات پر دستخط کرنے کے بعد صدارتی چناؤ کیلئے باضابطہ اپنی امیدواری کا اعلان کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں محترمہ ہیرس نے پھر کہا کہ وہ ایک ایک ووٹ حاصل کرنے کیلئے سخت محنت کریں گی۔ امریکہ میں اِس سال 5 نومبر کو صدر کے عہدے کا چناؤ ہوگا۔

## Yemen Air Strikes

یمن میں امریکہ اور برطانیہ کی اتحادی فوج نے کَل Hodeidah صوبے میں چار بار ہوائی حملہ کیا۔ حوثیوں کی طرف سے چلائے جانے والے Almasira ٹی وی نے یہ خبر دی ہے۔ مزید کوئی تفصیل نہیں دی گئی۔ امریکہ اور برطانیہ کی فوج کی طرف سے اِس ہوائی حملے کے بارے میں بھی کچھ نہیں کہا گیا ہے۔ حوثی ٹی وی کا حوالہ دیتے ہوئے Xinhua خبر ایجنسی نے بتایا ہے کہ چار دوسرے حملوں کے کچھ دیر بعد یہ کارروائی کی گئی۔ اِن حملوں میں اتحادی فوج نے بحراحمر میں کامران کے یمنی جزیرے کو نشانہ بنایا تھا۔

## California Fire

امریکہ میں، حکام شمالی کیلی فورنیا میں لگی شدید آگ کو بجھانے کی کوشش کررہے ہیں۔ یہ اس سال کی اب تک کی سب سے شدید آگ ہے، جس میں ابھی تک 130 عمارتیں جل کر راکھ ہوگئی ہیں اور ہزاروں لوگوں کو نکالا جاچکا ہے۔ پارک آگ، جو بدھ کے روز دوپہر شمالی کیلی فورنیا کے راجدھانی شہر Searamehto میں Chico کے نزدیک لگی تھی، دیکھتے ہی دیکھتے 660 کلومیٹرمربع علاقے میں تیزی سے پھیلتی چلی گئی اور اپنی زد میں آنے والی ہرچیز کو تباہ کردیا۔ ابھی تک اس آگ میں 134 عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے اور چارہزار دوسو سے زیادہ عمارتوں کو خطرہ لاحق ہے۔

## Men's  Cricket

مردوں کے کرکٹ میں 3 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں آج شام Pallekele میں بھارت کا مقابلہ میزبان سری لنکا سے ہوگا۔ اِس کے بعد ایک اگست سے کولمبو میں 3 ایک روزہ مقابلوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔

ٹی-ٹوئنٹی میچوں سے روہت شرما، وراٹ کوہلی، رویندر جڈیجہ اور کوچ راہل دراوڑ کے سبکدوش ہونے کے بعد سوریہ کمار یادو بطور کپتان اور گوتم گمبھیر بطور ہیڈ کوچ نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔× اس طرح بھارت اپنے نئے دور کا باضابطہ آغاز کرے گا۔

## Pairis Olympics

پیرس میں Seine ندی سے متصل علاقے میں 2024 کے اولمپک کھیل جاری ہیں جن کی کَل رات ایک رنگا رنگ تقریب کے ساتھ شاندار شروعات کی گئی تھی۔ کَل رات اِن کھیلوں کے افتتاح کے بعد اب توجہ آج ہونے والے مقابلوں پر مرکوز ہے۔ آج بھارت سات مقابلوں میں حصہ لے گا، لیکن پہلے مقابلے میں بھارت کی نشانے بازی کی ٹیم میڈل حاصل کرنے کی دوڑ سے باہر ہوگئی۔ آج دوسرے مقابلوں میں بیڈمنٹن،ٹینس، ٹیبل ٹینس، ہاکی اور مکّے بازی وغیرہ شامل ہیں۔

## Olympics Best Wishes

وزیر اعظم نریندر مودی نے اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والے ہندوستانی کھلاڑیوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اور اُمید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی امتیازی کارکردگی سے متاثر کریں گے۔ انھوں نے ہر کھلاڑی کو بھارت کا وقار اور عظمت قرار دیتے ہوئے اِس امید کا بھی اظہار کیا کہ وہ کھیلوں کے سچے جذبے کے ساتھ اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

کرکٹ کھلاڑی سچن تیندولکر نے بھی کہا ہے کہ بھارت کے 117 کھلاڑی ملک کے خواب کو پورا کریں گے۔